سوال

(300)اگر پوتے نے دادی کا دودھ پیا ہو توکیا وہ اپنے چچا یا پھوپھی کی بیٹی سے نکاح کر سکتا ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر پوتے نے دادی کا دودھ پیا ہو توکیا اس کا نکاح اس کے چچا اور پھوپھی کی کسی بیٹی سے کرادینا جائز ہے ۔ (عاصمہ غازی آبادلاہور)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر پوتے نے اپنی دای کا دودھ پانچ دفعہ پی لیا ہو تو یعنی پانچ سانسوں میں پیا ہو تو وہ چچا اور پھوپھی کا رضاعی بھائی بن چکا ہے اور اپنے چچا کی بیٹی کا چچا اور اپنی پھوپھی کی بیٹی کا ماموں بن چکا ہے لہٰذا ان کا آپس میں نکاح جائز نہیں ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ محمدیہ

ج1ص740

محدث فتویٰ